# پارہ 22 وَمَنْ يَّقْنُتْ

استاذہ عفت مقبول کے ساتھ

قرآن و سنت کی روشنی میں
ہدایت کا سفر

2019

# دَوْرَةُ الْقُرْآن

رشتے جوڑیئے

# دورۃ القرآن 2019



## پارہ 22

- آج کی عورت امہات المومنین سے زیادہ نیک اور فرماں بردار نہیں ہو سکتی۔ ان کی زندگیوں کو رول ماڈل بنانا ہے
- سچائی ایمان کی نشانی ہے۔ انسان سچ بولتے بولتے اللہ کے ہاں صدیق لکھا جاتا ہے۔ ہمیشہ سچ بولنا ہے۔
- نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیغام کو عام کرنا ہے اسے رد کرنا گناہِ عظیم ہے۔

2019 دَورۃُ القرآن

پارہ 22

- اللہ کی حلال کی ہوئی چیزوں کو حرام نہیں کرنا۔
- اللہ کا ذکر کثرت سے کرنا ہے
- نکاح سنت کے مطابق کرنا ہے۔ زندگی سے بے جا رسموں کو نکالنا ہے۔
- اپنی دعوتوں کو مختصر کریں۔ دعوت کے اختتام پر جلدی رخصت ہونا ہے۔

پارہ 22

# دنیا کے پیروکار

دنیا میں کفر و شرک ایک دوسرے کے ساتھی اور اس ناطے سے ایک دوسرے سے محبت کرنے والے ہیں، لیکن آخرت میں یہ ایک دوسرے کے دشمن اور ایک دوسرے کو مورد الزام بنائیں گے۔ شیطان ہمارے اندر سب سے پہلے کیا ڈالتا ہے ناقدری۔ بدگمان کر کے ہم سے ہمارے پیارے لوگوں کی ناقدری کروا کر شکر گزاری چھین لیتا ہے، جیسے قوم سبا کے ساتھ کیا۔

حسن بصری کہتے ہیں کہ شیطان نے نہ تو قوم سبا پر لاٹھی برسائی نہ تلوار لہرائی صرف ان سے وعدہ کیا انکو آرزوییٔں دلاییٔں اور انکو دھوکے میں ڈال دیا۔

# دورۃ القرآن 2019

## پارہ 22

حدیث میں ہے کہ ہر صبح ایک فرشتہ دعا کرتا ہے کہ
اللہ بخیل کے مال کو تلف اور برباد کر۔ دوسرا دعا کرتا
ہے اللہ خرچ کرنے والے کو نیک بدلہ دے۔